© rasailojaraid.com



**تعلیمی نصاب کمیٹی میں اہلسنت کے معتمد افراد کی نمائندگی**

سواد اعظم اہل سنت نے موجودہ شیعہ سنی نصاب کمیٹی پہ عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے اور چیف مارشل لاء ایڈ منسٹریٹر جناب غلام اسحاق صاحب سیکرٹری جنرل انچیف محمد علی خان وفاقی مشیر تعلیم سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ اس کمیٹی میں اہل سنت کیطرف سے حسب ذیل افراد کو شامل کیا جائے ـــــ قاضی مظہر حسین چکوال، مولانا عبدالستار تونسوی ملتان، مولانا محمد اسحاق سندیلوی کراچی، مولانا تقی عثمانی کراچی، مولانا سمیع الحق اکوڑہ خٹک، سید شیخاں صابر لاہور۔ کو شامل کیا جائے۔ تاکہ یہ حضرات اہلسنت کیطرف سے ترجمانی کر سکیں۔

(منجانب :- انجمن محبان صحابہ ڈیرہ اسماعیل خان، اسلامک سنی کونسل کراچی، لاہور خدام اہلسنت چکوال، مرکز تنظیم اہلسنت ملتان۔

**مولانا عبدالمعز محمد امیر عالمؒ کا انتقال**

مولانا عبدالمعز المعروف مولانا قاری حکیم محمد امیر عالم صاحب موضع کھولیاں داخلی کلاداں ہری پور ہزارہ کا ۵ محرم الحرام ۱۳۹۸ھ کو ایک سو پانچ سال کی عمر میں انتقال ہوگیا، مرحوم پرہیزگار عالم فقیہ اور اس کے علاوہ بہترین طبیب بھی تھے۔ اکابر علماء برصغیر سے تعلق تھا۔ مرحوم کے صاحبزادگان میں جناب عبداللہ صاحب علوی حال فرسٹ سیکرٹری وزارت خارجہ پاکستان جدہ، محمد عبدالباری علوی پروفیسر گورنمنٹ کالج حویلیاں، قاری عبدالبصر صدر مدرس مظاہر العلوم گوالمنڈی لاہور ہیں۔ ادارۂ الحق تمام قارئین سے دعا کی اپیل کرتا ہے۔

**دعائے مغفرت کی اپیل**

دارالعلوم حقانیہ کے ایک ہونہار اور قابل فخر فرزند۔ مولانا خلیل اللہ حقانی ساکن تحصیل بٹگرام ہزارہ کی والدہ محترمہ ۲۰ دسمبر ۱۹۷۷ء کو انتقال فرما گئیں، موصوفہ نہایت عابدہ زاہدہ خاتون تھیں مولانا خلیل اللہ نے تمام قارئین سے مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل کی ہے۔






© rasailojaraid.com